القواعد الفقہیّۃ

تالیف وترجمہ

صاحبزادہ ابوالحسن واحد رضوی

آستانہ عالیہ فیض آباد شریف
محمد نگر، اٹک
2012

(۹۰) الحرب خدعة.

ترجمہ: جنگ، چال (حکمتِ عملی) ہے۔

(۹۱) البقاء أسهل من الإبتداء.

ترجمہ: بقاء، ابتدا سے سہل ہوتی ہے۔

(۹۲) الحكم يتبع المصلحة الرّاجحة.

ترجمہ: حکم، راجح مصلحت، کے تابع ہوتا ہے۔

(۹۳) لا ينكر تغيّر الأحكام بتغيّر الأزمان.

ترجمہ: وقت کی تبدیلی کے باعث، احکام کی تبدیلی سے انکار نہیں کیا جائے گا۔

(۹۴) تخصيص العام بالنيّة مقبولة ديانةً لا قضاءً.

ترجمہ: عام کی نیت کے ساتھ تخصیص دیانۃً مقبول ہوتی ہے مگر بطورِ قضاء نہیں۔

(۹۵) الأيمان مبنية على الألفاظ لا على الأغراض.

ترجمہ: قسموں کا دار و مدار الفاظ پر ہوتا ہے نہ کہ اغراض پر۔

(۹۶) التّاسيس خير من التّاكيد.

ترجمہ: تاسیس، تاکید کی نسبت بہتر ہوتی ہے۔